# تھسّلنیکیوں کے نام پولُس رسُول کا دُوسرا خط

۱ پولُس سلوانس اور تیمُتھیُس یہ خط کلیسا کو لکھ رہے ہیں جو
تھسّلنیکیوں میں خُدا ہمارے باپ اور خُداوند یسوع مسیح میں
ہے۔
۲ خُدا باپ اور خُداوند یسوع مسیح کا فضل اور سلامتی تُم پر
ہو۔
۳ بھائیو اور بہنو! ہم ہمیشہ خُدا کا شُکر کرتے ہیں تُمہارے لئے
ایسا کرنا ضروری بھی ہے ہمارے لئے کیوں کہ تُمہارا ایمان زیادہ
سے زیادہ ہوتا جاتا اور تُم سب میں آپسی محبّت بھی رہی ہے۔ ۴
اسی لئے ہم کو تُم پر خُدا کی کلیساؤں کی نسبت فخر ہے ہم دُوسرے
کلیساؤں میں تُمہارے برداشت کے حوصلے اور ایمان کے متعلق
کہتے ہیں حالانکہ تُمہیں ستایا گیا اور تُمہیں کئی مصیبتوں سے
تکلیف بھی ہوتی ہے لیکن تُم پھر بھی ایمان کو برداشت کرتے
رہے۔

### خُدا کے فیصلہ کے متعلق پولُس کا بیان

۵ یہ ثبوت ہے خُدا کا انصاف سچّا ہے اسکی یہی مرضی ہے کہ
تُم خُدا کی بادشاہت کے قابل ہو تُم اس کے لئے مصیبت اُٹھا رہے
ہو۔ ۶ خُدا وہی کرے گا جو صحیح ہے وہ ان لوگوں کو تکلیف
پہونچاتا ہے جو تُمہیں تکلیف دیتے ہیں۔ ۷ خُدا ان لوگوں کو
سلامتی دے گا جو تکلیفیں اُٹھا رہے ہیں وہ سلامتی ہمیں بھی دے گا
۔ اور خُدا یہ سلامتی اس وقت دے گا جب خُداوند یسوع آسمان سے
اس کے طاقتور فرشتوں کے ساتھ ظاہر ہو گا۔ ۸ جب خُداوند یسوع
آسمان سے دہکتے ہوئے شعلوں کے ساتھ ظاہر ہو تو ان لوگوں کو
بھی جو خُدا کو نہیں جانتے اور ان کو بھی جو ہمارے خُداوند یسوع کی
انجیل کی اطاعت نہیں کرتے سزا دے گا۔ ۹ انہیں ہمیشہ تباہی
کی سزا دی جائیگی اور انہیں خُداوند کے ساتھ رہنے کا موقع نہیں ملے
گا اور انہیں اس کی شاندار طاقت کے سامنے سے ایک طرف
دھکیل دیا جائے گا۔ ۱۰ یہ اس دن ہو گا جب خُداوند یسوع آئے گا
یسوع اپنے مقدس لوگوں کے ساتھ اس کے جلال کو لینے آئے گا اور
سب لوگ جو اس پر ایمان لائے حیران ہوں گے تُم ان اہل ایمان
میں ہوں گے کیوں کہ تُم نے ہماری تعلیمات پر ایمان لایا تھا۔
۱۱ اسی لئے ہم ہمیشہ تُمہاری بھلائی کے لئے دُعا کرتے ہیں
اور خواہشمند ہیں کہ خُدا تُمہاری مدد کر سکے ان راستوں پر رہنے کے
لئے جن پر رہنے کے لئے تُمہیں بلایا گیا ہم دُعا کرتے ہیں کہ وہ
اپنی قدرت سے وہ تُمہارے ہر اچھے ارادہ کو اور تُمہارے ایمان کے
ہر کام کو پُورا کرے۔ ۱۲ اس طریقہ سے ہمارے خُداوند یسوع کا
نام تُم میں جلال پائے اور تُم اس کے ذریعہ جلال پاؤ گے وہ جلال
ہمارے خُدا اور خُداوند یسوع مسیح کے فضل سے آتا ہے۔

### بھیانک چیزوں کا ہونا

۲ بھائیو اور بہنو! ہم اپنے خُداوند یسوع مسیح کے آنے کے
متعلق کچھ کہتا ہوں اس کے ساتھ جمع ہونے کے متعلق
بات کریں گے جب ہم ملیں گے جب اسکے ساتھ مل کر ایک ہوں
گے۔ ۲ اگر کوئی کہتا ہے کہ خُداوند کا دن پہلے ہی آچکا ہے تو تُم
آسانی سے اپنے دین میں پریشان نہ ہو ممکن ہے کوئی ایک یہ
نبّوت * کے طور پر یا ان کے پیغام کے طور کہیں گے اور یہ بھی ہو
سکتا ہے کہ وہ کوئی ایک جھوٹا خط ہمارے نام سے لائے اور تُم کو

---

نبوّت ایک شخص کے تعلیمات جو خُدا کے طرف سے کہے جاتے ہیں۔

پڑھ کر سنائے۔ ۳ کسی آدمی کو موقع نہ دو کہ وہ کسی طرح سے تُمہیں
دھوکہ دے وہ وقت نہیں آئے گا جب تک کہ خُداوند کے خلاف
منہ موڑلینے کا واقعہ سر زدہ نہ ہو اور وہ گناہ کا شخص یعنی ہلاکت کا
فرزند ظاہر نہ ہو۔ ۴ گناہ کا شخص تو مخالف ہے وہ خود کو ہر چیز
سے اُوپر کہے گا جو خُدا کی ہیں ۔ جو خُدا کہلائے گی اور جس کی لوگ
عبادت کرتے ہیں اور وہ خُدا کی کلیسا میں جائے گا اور وہاں بیٹھ کر
ظاہر کرے گا کہ وہ خُدا ہے۔
۵ کیا تُم یاد نہیں کرتے میں پہلے ہی ان چیزوں کے متعلق
تُمہیں کہہ چکا ہوں جب میں تُمہارے ساتھ تھا۔ ۶ اور تُم جانتے ہو
کہ اب کونسی چیز گناہ کے شخص کو روکے ہوئے ہے یہ مناسب
وقت آنے پر ہی ظاہر ہوگا ۔ ۷ برائی کی پوشیدہ قوت پہلے ہی اس
دنیامیں کار گزار ہے کوئی ایک ہے جو اس پوشیدہ بُرائی کی قوت کو
روک رہا ہے اور وہ روکتا ہی رہے گا جب تک اس کو اپنے راستے سے
نہ ہٹادیا جائے۔ ۸ تب ہی وہ گناہ کا شخص ظاہر ہوگا اور خُداوند
یسوع اپنے منہ کی پھونک سے اس آدمی کو مار ڈالیں گے اپنی آمد کی
تجلّی سے نابود کرے گا ۔ ۹ گناہ کا شخص شیطان کی تاثیر کے موافق
ہر طرح کی جھوٹی قُدرت اور نشانوں اور عجیب کاموں کے ساتھ
کرے گا۔ ۱۰ اور ہلاک ہونے والوں کے لئے ناراستی کے ہر طرح
کے دھوکے کے ساتھ ہوگی اِس واسطے کہ اُنہوں نے حق کی محبّت
کو اختیار نہ کیا جس سے اُنکی نجات ہوتی۔ ۱۱ لیکن ان لوگوں نے
سچائی سے محبّت کرنے کو رد کیا اِسلئے خُدا نے ان کے لئے ایسی
طاقتور چیز بھیجی جو انہیں سچائی کو رد کرنے میں رہنما بنی اور انہوں
نے اس میں ایمان لایا جو غلط تھا ۔ ۱۲ اس لئے وہ سب لوگ جو
سچائی پر ایمان نہیں لائے اور بُرے اعمال کرکے خوش رہے وہ
سب سزا پائیں گے۔

### تُمہیں نجات کے لئے چنا گیا ہے

۱۳ بھائیو اور بہنو ! خُداوند تُم سے محبّت کرتا ہے ۔خُدا
نے تُمہیں نجات دینے کے لئے ابتداء میں ہی چن لیا ہے اسی لئے
ہم کو ہمیشہ تُمہارے لئے خُدا کا شُکر کرتے رہنا چاہئے تُم روح * کے
ذریعہ سے پاکیزہ بن کر اور حق پر ایمان لاکر نجات پاؤ گے۔ ۱۴
خُدا نے تُمہیں خوش خبری کے ذریعہ بلایا ہے۔ اور اُس نجات
کے لئے جس خوشخبری کی تعلیم دی ہے اسُ کے توسط سے خُدا
نے تمہیں بُلایا تا کہ تُم بھی خُداوند یسوع مسیح کے جلال میں شامل
ہوسکو۔ ۱۵ بھائیو اور بہنو! مضبوط رہو ایمان پر قائم رہو۔
تعلیمات کے وفادار رہو جو ہم نے تقریروں میں اور خط کے ذریعہ
تُم کو دی تھیں ۔ ۱۶ -۱۷ ہم خُداوندیسوع مسیح کے لئے اپنے
آپ دُعا کرتے ہیں اور خُدا ہمارا باپ ہماری ہمت باندھے گا۔ او
راچھے کام کرنے کے لئے قوت دے گا اور کہے گا خُدا ہمارے
سے محبّت کرتا ہے اسی کے فضل کے ذریعہ ہمیشہ رہنے والی نیک
امید اور ہماری ہمت بڑھائے گا۔

### ۳ ہمارے لئے دُعا کرنا

۳ اے بھائیو اور بہنو ! ہمارے لئے بھی دُعا کرنا دُعا کرو کہ
خُداوند کی تعلیمات جاری رہیں اور جلدی پھیلیں اور دُعا کرو
کہ ان کی تعلیمات کو لوگ عزت بخششیں جیسا کہ تُمہارے ساتھ پیش
آیا ۔ ۲ دُعا کرو کہ ہمیں بُرے اور فاسق لوگوں سے چھٹکارہ ملے
سب ہی لوگ نہیں جو خُداوند میں ایمان نہیں لائے۔
۳ لیکن خُداوند وفادار ہے وہ تُمہیں بُرائی سے محفوظ رکھے گا
اور طاقت دے گا۔ ۴ خُداوند نے ہمیں یہ یقین دیا ہے جو کچھ ہم
نے کہا ہے وہ تُم کر رہے ہو اور ہمیں معلوم ہے کہ تُم ان چیزوں
کو جاری رکھو گے ۔ ۵ ہماری دُعا ہے کہ خُداوند تُمہارے دلوں کو
خُدا کی محبّت اور مسیح کا صبر دے۔

### ہر ایک کو کام کرنے دو

۶ بھائیو اور بہنو ! ہمارے خُداوند یسوع مسیح کے اختیار سے
ہم تُمہیں ہدایت کرتے ہیں کہ ایسے بھائیوں سے دور رہو جن کی

---

**روح القدس** اس کو خدا کی روح۔ مسیح کی روح۔ آرام دہندہ بھی کہتے ہیں خدا اور
مسیح سے ملکر دنیا میں لوگوں کے لئے خدا کا کام انجام دیتا ہے۔

عادت ہے کام نہ کرنا اور تعلیمات پر عمل کرنے سے انکار کرنا جو
انہوں نے ہم سے لی ہیں۔ ۷ تُم خود جانتے ہو کہ تُمہیں اس طرح
رہنا ہو گا جس طرح ہم رہتے ہیں جب ہم تُمہارے ساتھ تھے تو کاہل
نہیں تھے۔ ۸ اور ہم نے کسی سے بھی قیمت ادا کئے بغیر کھانا
نہیں کھایا اور ہم دن رات کام اور مشقّت کرتے رہے تا کہ ہم کسی
پر بوجھ نہ بنیں رہیں۔ ۹ یہ ایسا نہیں کہ ہم کو تُم سے مدد لینے کا
اختیار نہ تھا۔ لیکن ہم نے اتنی سخت محنت کی تا کہ تُمہارے لئے
نمونہ بن سکیں تا کہ تُم بھی ہماری طرح کرنے لگو۔ ۱۰ اور جب
ہم تُمہارے ساتھ تھے تو ہم نے تو یہ اصول دئے تھے کہ "یہ اگر
کوئی شخص کام نہ کرے تو وہ کھانا بھی نہ کھائے۔"
۱۱ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ تُمہارے درمیان کچھ ایسے
بھی لوگ ہیں جو کام کرنے سے انکار کرتے ہیں ایسے لوگ کام نہ
کرتے ہوئے اپنے آپ کو دُوسروں کی زندگیوں میں مصروف
رکھتے ہیں۔ ۱۲ ہم ان لوگوں کو یہ ہدایت کرتے ہیں کہ
دُوسروں کے معاملات میں دخل اندازی مت کریں بلکہ کام کرکے
اپنی روزی کمائیں خُداوند یسوع مسیح میں ہم ان سے ایسا کرنے کی
التجا کرتے ہیں۔ ۱۳ بھائیو اور بہنو! نیک کام کرنے سے کبھی
بیزار مت ہونا۔
۱۴ اگر کوئی آدمی خط میں لکھی ہوئی ہدایات پر عمل نہ کرے
تو اس پر نظر رکھو اور اسکی صحبت سے دور رہو تا کہ اس کو شرم آنے
لگے۔ ۱۵ لیکن اس کے ساتھ دشمنوں جیسا سلوک مت کرو ایک
بھائی کی طرح اس کو خبردار کرو۔

### آخری الفاظ

۱۶ ہم دُعا کرتے ہیں کہ خُداوند جو سلامتی کا ذریعہ ہے ہر
وقت ہر طرح سے سلامتی دے خُداوند تُم سب کے ساتھ رہے۔
۱۷ میں پولس اب میرے ہاتھ سے لکھے ہوئے خط کو
ختم کرتا ہوں میرے خطوں کی یہی نشانی ہے یہی میری تحریر
ہے۔
۱۸ ہمارے خُداوند یسوع مسیح کا فضل تُم سب پر رہے۔

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**

- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from:
http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from:
http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html